## حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار کو دہشت گردی کا نشانہ بنائے جانے پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔الطاف حسین

## خدارا تمام بزرگانِ دین کے مزارات اور حساس مقامات کے تحفظ اور دہشت گردی کی روک تھام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

لندن۔۔۔7 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ممتاز صوفی بزرگ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور واقعہ میں متعدد افراد کے شہید اور زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل لاہور میں حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار کے احاطے میں خودکش بم دھماکے کئے گئے تھے جس میں درجنوں معصوم و بے گناہ افراد شہید وزخمی ہوئے تھے اور آج کراچی میں حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا ہے اور مزار پر آنے والے عقیدت مندوں کو خون میں نہلا دیا گیا ہے جس پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردی اور بربریت کے اس واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جن عناصر نے یہ سفاکانہ کارروائی کی ہے وہ اسلام، مسلمانوں اور پاکستان ہی کے نہیں بلکہ انسانیت کے بھی دشمن ہیں جو بزرگان دین کے مزارات تک کو اپنی بربریت اور سفاکیت کا نشانہ بنا رہے ہیں اور ملک کو تباہ و برباد کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے دھماکے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے زخمیوں کی بھی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔جناب الطاف حسین نے تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ خدارا تمام بزرگانِ دین کے مزارات اور حساس مقامات کے تحفظ اور دہشت گردی کی روک تھام کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

## عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملوں پر متحدہ قومی موومنٹ نے جمعہ کو ملک بھر میں یوم سوگ کا اعلان کردیا

## کارکنان وعوام اپنے اپنے صوبوں اور شہروں میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کریں

کراچی۔۔۔7،اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے کراچی میں عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملے کے المناک سانحہ پر کراچی سمیت ملک بھر میں ایک روزہ یوم سوگ کا اعلان کردیا۔یہ اعلان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے ارکان کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملے اور درجنوں زائرین کے شہید وزخمی ہونے کے المناک واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بزرگان دین کے مزارات پر دہشت گردی کرنے والے مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔رابطہ کمیٹی نے پاکستان بھر میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام سے اپیل کی کہ وہ عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر خودکش حملوں کے نتیجہ میں شہید ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کریں اور بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کریں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد اور وفاقی وزیر بابر غوری کا حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار اور جناح اسپتال کا دورہ

## جناح اسپتال میں جاکر زخمیوں کی عیادت اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

کراچی۔۔۔7اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد اور وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابر غوری نے جمعرات کی شب ممتاز صوفی بزرگ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار کا دورہ کیا اور وہاں موجود انتظامیہ سانحہ کی تفصیلات معلوم کیں۔بعدازاں انہوں نے جناح اسپتال کا دورہ کیا اور سانحہ کے زخمیوں کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے اسپتال کی انتظامیہ اور ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو ہدایت دیں کہ وہ مریضوں کی دیکھ بھال اور علاج ومعالج کسی قسم کی کثر نہ چھوڑیں۔

## رابطہ کمیٹی نے آصف صدیقی کی پارٹی رکنیت بحال کردی

کراچی۔۔۔7، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آصف صدیقی کو بحیثیت رکن رابطہ کمیٹی بحال کر دیا ہے۔قائد تحریک الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔

## اکتوبر 2005ء کا دن پاکستان کی تاریخ کا بدترین دن تھا،الطاف حسین

## سانحہ 8، اکتوبر کے شہداء کی پانچویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔7اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ 8اکتوبر2005ء کے شہدا کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیوایم آزاد کشمیراور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کردارادا کرتی رہے گی۔سانحہ 8اکتوبر کے شہدا کی پانچویں برسی پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ 8اکتوبر 2005ء کا دن تاریخ کا بدترین دن تھا جہاں آزاد کشمیراور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلہ آیا تھا جس میں لاکھوں افراد ہلاک وزخمی ہوگئے تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی بےلوث بلا رنگ ونسل، زبان عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیوایم کی عملی خدمت کو دنیا بھر میں اعتراف کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں قیامت خیز زلزلہ کے بعد ایم کیوایم کے منتخب نمائندگان، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے جس طرح اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر متاثرین کی عملی امداد کی ہے،انہیں غذائی اجناس اور طبی امداد فراہم کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی اور آئندہ بھی ایم کیوایم زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کردارادا کرتی رہے گی۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ زلزلہ زدگان کی بحالی کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے زلزلہ میں ہلاک ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین س دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کے استادالحدیث مولانا محمد امین کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## جامعہ کے مہتمم مفتی نعیم، تمام اساتذہ اور مولانا محمد امین کے لواحقین اور تمام احباب سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## مولانا محمد امین کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔7 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کے استادالحدیث مولانا محمد امین کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔انہوں نے قتل کے اس واقعہ پر جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کے مہتمم مفتی نعیم، جامعہ کے تمام اساتذہ اور مولانا محمد امین کے تمام سوگوار لواحقین اور تمام احباب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مولانا محمد امین کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ مولانا محمد امین کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## جرمن قونصل جنرل کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات
## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت وافسوس
## پاکستان میں جمہوریت کے استحکام کے لئے متحدہ قومی موومنٹ کی کاوشوں کی تعریف

کراچی۔۔۔7، اکتوبر 2010ء

جرمن قونصل جنرل MR.CHRISTIAN BRECHT نے جمعرات کی صبح متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار دیگر ارکان رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل اور سید مصطفی کمال سے ملاقات کی اور ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ ملاقات میں قونصل جنرل نے پاکستان میں جمہوریت کے استحکام کے لئے متحدہ قومی موومنٹ کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ ایم کیوایم نے متاثرین سیلاب کی مدد کیلئے جو کردار ادا کیا وہ قابل ستائش ہے اور ہم اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نائن زیرو آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور برطانیہ میں مقیم ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی سیکورٹی کے حوالے سے اپنی تشویش کا اظہار کیا۔

## جاوید کاظمی اور شاکر علی نے ٹھٹھہ میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان میں امدادی اشیاء تقسیم کیں

ٹھٹھہ۔۔۔7، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور شاکر علی نے گزشتہ روز ٹھٹھہ میں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے قائم خیمہ بستیوں کا دورہ کیا اور سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کے افراد سے فرداً فرداً ملاقاتیں کر کے ان میں لاکھوں روپے مالیت کے راشن کے تھیلے جس میں آٹا، دالیں، چاول، خشک دودھ، گھی، تیل سمیت روزمرہ استعمال کی اشیاء اور جان بچانے والی ادویات دیگر امدادی سامان تقسیم کیا۔ جاوید کاظمی اور شاکر علی نے گفتگو کرتے ہوئے سیلاب متاثرین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم مشکل و پریشانی کی اس گھڑی میں ہر طرح ان کے ساتھ ہے اور جب تک سیلاب سے متاثرہ ایک ایک فرد اپنے گھر واپس نہیں چلا جاتا اس وقت تک ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیاں جاری رہینگی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین سیلاب زدگان کی آبادکاری کیلئے کوشاں ہیں اور ان کی واضح ہدایات ہیں کہ سیلاب زدگان کو کسی صورت تنہاء نہ چھوڑا جائے۔ سیلاب سے متاثرہ افراد نے ایم کیوایم کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کو سراہا اور کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے جس طرح ہمارا ساتھ دیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے مشکل و پریشانی کی گھڑی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بھرپور تعاون پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں بھی کیں۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان سمیت ٹھٹھہ زون کے زونل انچارج واراکین کمیٹی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ہزارہ قومی فرنٹ کی چیئرپرسن ڈاکٹر لیلیٰ پروین کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔7، اکتوبر 2010ء

ہزارہ قومی فرنٹ کی چیئرپرسن ڈاکٹر لیلیٰ پروین کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، یوسف شاہوانی اور گلفراز خان خٹک سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔ وفد کے ارکان نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کیا اور اُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت قتل کی تحقیقات کر کے شہید کے قاتلوں کو ضرور بے نقاب کریگی۔ انہوں نے شہید کے سوگوار والدین و دیگر عزیز واقارب اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت اور اظہار یکجہتی کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کا ضمنی الیکشن کے سلسلے میں یونٹ 124 ایریا توحید کالونی کا دورہ

## عوام کا پی ایس 94 کی نشست پر حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی بھرپور حمایت کا اعلان اور کامیاب کرانے کا عزم

کراچی۔۔۔7، اکتوبر 2010ء

پی ایس 94 کے انتخاب کیلئے نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد نے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں یونٹ 124 ایریا توحید کالونی کا دورہ کیا۔اس دوران ان کی مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے ملاقاتیں انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئیں۔اس موقع پر سیف الدین خالد نے کہا کہ ایم کیو ایم کا فلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک بھر کے ہر گلی کوچوں میں پھیل رہا ہے اور انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب ہر شہر اور گاؤں میں ایم کیو ایم کا پرچم لہرائے گا۔عوام کی بھاری تعداد نے پی ایس 94 کی نشست پر حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا اور انہیں 17 اکتوبر کو ہونے والے الیکشن میں بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے پر عبدالطیف ترین اور حبیب اللہ کا تنظیم سے اخراج

کراچی۔۔۔7، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم ڈسٹرکٹ پشین کے آرگنائزر عبدالطیف ترین ولد محمد ولی اور ڈسٹرکٹ ممبر پشین حبیب اللہ نورزئی ولد عبدالوہاب کو تنظیم کی بنیادی رکنیت خارج کر دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت دی ہے کہ وہ خارج شدہ افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆